ماہنامہ
پاسبان
الہ آباد
الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون
ایڈیٹر
مشتاق احمد نظامی
فاضل علوم مشرقیہ
قیمت سالانہ
چار روپے!
قیمت فی پرچہ
۳۷ پیسے!

۴۸

بہ ظلِ عاطفت

یادگار سلف شاہزادہ اعلیٰ حضرت امام اہلسنت سرکار مفتی اعظم ہند بریلی شریف

زیر سرپرستی

مجاہد ملت حضرت مولانا الحاج محمد حبیب الرحمٰن صاحب قبلہ صدر آل انڈیا تبلیغ سیرت الہ آباد

زیر حمایت

رئیس ملت عالیجناب سیٹھ محمد عبدالقیوم صاحب شیب پور ہوڑہ

دسمبر ۱۹۶۶ء جنوری ۱۹۶۷ء

شمارہ نمبر ۲

جبیں ہندوستان پاکستان کا تاریخی، مذہبی، ادبی، اصلاحی

ماہنامہ

پاسبان

الہ آباد

قیمت سالانہ للعہ

فی پرچہ ۶ آنہ

دفتر پاسبان الہ آباد (۳) یوپی

انوار احمد نظامی پرنٹر اینڈ پبلشر نے سلیمی پریس الہ آباد میں چھپوا کر دفتر پاسبان الہ آباد (۳) سے شائع کیا۔

مشتاق احمد نظامی

شذرات

عُرس غریب نواز

امسال سلطان الہند خواجہ اجمیر کی بارگاہ کرم میں تقریباً ۱½ لاکھ عقیدت کیشوں نے حاضری دی۔ بھاری تعداد
علمائے اہلسنت و مشائخ طریقت و عمائد ملت بھی حاضر دربار ہوئے۔ بالخصوص سرکار مفتی اعظم ہند، حضور محدث
صاحب قبلہ زیب سجادہ آستانہ عالیہ سرکار کلاں کچھوچھہ مقدسہ، حضور مجاہد ملت، حضور برہان ملت، حضرت سلطان المناظرین مفتی اعظم کانپور، مفتی
مولانا رضوان الرحمٰن صاحب، حضرت مولانا حامد علی صاحب فاروقی، مولانا سید عبدالحق صاحب، مولانا صوفی ساجد علی خاں صاحب مہتمم منظر اسلام بریلی شریف
مولانا سید شاہ اسرار الحق صاحب، مولانا ارشد القادری، مولانا محمد سلیم مہتمم جامعہ عربیہ سلطانپور، پیرزادہ مولانا حسین قادری، مولانا ظہور احمد صاحب مہتمم منظر اسلام
بریلی شریف، مولانا محمد اشفاق صاحب نعیمی مفتی راجستھان، مولانا محمد سالم خطیب پالی، مولانا سید محمود میاں جبلپور، مولانا نور محمد شاہ رضوی جبلپوری، الحاج
منور علی صاحب، مولانا سید احسان علی صاحب باندوی، مولانا قاری عبدالتواب صاحب الحاج قاری زکریا، الحاج مولانا قاری عبدالرب صاحب، الحاج
محمد اسماعیل جانی، مولوی تاج الدین صاحب، شعراء میں۔ حضرت راز الہ آبادی، حضرت قمر سلیمانی کانپوری، حضرت شاکر چھتاروی

مجلس مشاورت

واقعات وحالات نے اس حقیقت کو بے نقاب کر دیا کہ جماعت اسلامی کا دوسرا نام "مجلس مشاورت" ہے۔ جمعیۃ العلماء
ہند دہلی دو ٹکڑوں میں بٹ گئی۔ مولوی اسعد مدنی کی برسر اقتدار پارٹی روز اول ہی مجلس مشاورت سے اپنا رشتہ ناطہ
توڑ چکی ہے، چند آزاد و غیر جانبدار شخصیتیں مانع ضرور ہیں لیکن ان کی بھی زبان پر جماعت اسلامی بول رہی ہے' اس وقت مجلس مشاورت سے
تعاون اور اشتراک عمل کا مسئلہ سرفہرست ہے۔ لیکن میرے اپنے خیال میں الیکشن سے پہلے اس کو ایجنڈے میں شامل ہی نہ کیا جائے
یہ اس کا عبوری دور ہے جنرل الیکشن کے بعد جماعتی سطح پر اسے زیر بحث لایا جائے۔

دیوبند کا المیہ

مجلس مشاورت کے اجتماع میں طلباء دیوبند نے کیا کچھ کیا یا خود ان پر کیا گزر گئی۔ ہمیں اس تفصیل میں جانا نہیں
ہے، اخبارات نے اس پر کالم کے کالم سیاہ کر دیئے ہیں۔ ڈاکٹر فریدی، پنڈت سندر لال، مفتی عتیق الرحمٰن
غرضکہ سبھی کے بیانات آچکے ہیں اگرچہ ان میں تضاد و اختلاف سہی پھر بھی بات اب ڈھکی چھپی نہیں رہ گئی۔ ہمیں علماء دیوبند سے صرف
یہ کہنا ہے کہ اب وہ "ایک بنو" "نیک بنو" "متحد ہو جاؤ" کے اپنے نمائشی نعرے واپس لے لیں۔

سنی یونیورسٹی بریلی

اب سے پہلے یہ اعلان کر دیا گیا کہ مرکز اہلسنت بریلی نے ابتدائی مرحلے میں پچھتر ہزار روپے (۷۵،۰۰۰) سے زائد
کی عمارت خرید لی لیکن ابھی تک وہ عمارت استعمال میں نہیں لائی گئی۔
دستور و ضابطے کی ایک دنیا قائل ہے لیکن میرے اپنے خیال میں وہ دستور جو کسی بھی منتظم کا انشراح صدر چھین لے اور وہ نتیجۃً
زینت رجسٹر بن کے رہ جائے اس میں شدت اور غلو نہ پیدا کیا جائے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ منظر اسلام کے حق میں مکرمی مولانا صوفی
ساجد علی خاں صاحب کی نظامت مفید اور کار آمد ثابت ہوئی ہے اس لئے ان کی منشاء و مرضی کو ذیلی دفعات پر مقدم رکھنا ازبس ضروری
ورنہ ہو سکتا ہے عملاً افسوس ناک نتائج رونما ہوں اور دستور و کمیٹی ایک چلتی ہوئی گاڑی کی راہ میں روڑا بن جائیں۔

الیکشن

آج کا سب سے ابھرا ہوا مسئلہ آئندہ جنرل الیکشن ہے۔ آل انڈیا جماعتیں اپنی صوابدید کے تحت ہدایتی سرکلر جاری کر
لیکن یہ کئی کروڑ مسلمانوں کے حق خود اختیاری کا مسئلہ ہے۔ صوبائی اعتبار سے پورے ملک کے حالات یکساں نہیں
اس لئے اس کو خود ان کی صوابدید پر چھوڑ دیا جائے اگرچہ حصول آزادی میں کانگریس کا نمایاں حصہ ہے اور بھی بعض نوعیت سے وہ اس
زیادہ مستحق ہے۔

مبارکپور کا حالیہ ہنگامہ

مبارک پور ضلع اعظم گڈھ میں شیعہ سنی فساد وقت کا ایک المناک حادثہ ہے۔ ارباب حل وعقد کو چاہئیے کہ وہ حالات پر قابو یافتہ ہونے کی کسی بھی ممکن سعی سے دریغ نہ کریں۔ مخدوم زادہ مولانا ہاشمی میاں کئی کروڑ سنیوں کے مخدوم زادے اور پیرزادے ہیں اور دارالعلوم اشرفیہ سے پورے ملک کے سنیوں کی عزت وآبرو وابستہ ہے۔ ایسا نہ ہو کہ اس کی لپیٹ آگے بڑھے جس سے خطرناک نتائج برآمد ہوں۔ بہر نوع کچھ بھی ہوا اچھا نہیں ہوا، جلد سے جلد خوشگوار فضا پیدا کرنی چاہئے۔ مرزا عابد اور مولوی عبدالسلام لکھنوی نہ کل اپنے تھے ورنہ آج ہم اس وقتی اختلاف کے پیچھے خارجیت نواز تصویریں دیکھنا نہیں چاہتے۔

چین کی اسلام دشمنی

یہ ایک کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ چین کے غیر مذہبی نظام مملکت میں دھرم اور مذہب کا نام زندہ نہیں رہ سکتا اخبارات سے اس کی مسلم کش اور اسلام دشمن پالیسی نمایاں ہے لیکن اس کے معنی نہیں کہ وہ لفظ اسلام اور مسلمان کا دشمن ہے بلکہ اس کے اسٹیٹ میں کوئی بھی دھرم تک خوشحال نہیں رہ سکتا اس لئے دھرم والوں کو ہندو سے دھرم اس کی مخالفت کرنی چاہیئے اور سیاسی بصیرت رکھنے والوں کو اس نوعیت سے کہ اس کے ڈکٹیٹرانہ نظام میں جمہوریت کی پامالی ہے اور جو برسر اقتدار اپنے اہل وطن کو کچھ نہیں دے سکتے وہ دوسروں کو کیا کچھ دے سکتے ہیں۔

دارالعلوم غریب نواز کا تعمیری پروگرام

بحمدہ تعالیٰ دارالعلوم غریب نواز الٰہ آباد کی سنگ بنیاد ڈال دی گئی اور عمارت کا کام شروع کر دیا گیا اگر غریب نواز کے شیدائیوں نے فراخدلی سے دست تعاون دراز کیا تو ہم اپنی منصوبہ بندی کے تحت شوال سے دارالعلوم کی نئی عمارت میں درس وتدریس کا سلسلہ قائم کر دیں گے۔

دارالعلوم غریب نواز کا سالانہ تاریخی اجلاس

۱۲ اکتوبر ۱۹۶۶ء دارالعلوم کا سالانہ تاریخی اجلاس منعقد ہوا شریک ہونے والے علماء و مشائخ و شعراء کی فہرست روداد میں ملاحظہ فرمائیں۔ بعد نماز مغرب علماء، مشائخ اور معززین دارالعلوم کی عمارت دیکھنے گئے۔ رئیس المقررین حضرت مولانا مفتی شریف الحق صاحب مفتی مرکزی دارالافتاء بریلی نے اپنی تقریر میں دارالعلوم کی عمارت پر اپنی مسرت وطمانیت کا اظہار فرمایا۔ دارالعلوم کے سالانہ اجلاس میں دارالعلوم جامعہ حبیبیہ کے اساتذہ وطلباء اس طرح ہمارے شریک حال رہے گویا یہ خود جامعہ کا اجلاس ہے۔

والد ماجد علیہ الرحمہ کا وصال پُرملال

۱۳ ستمبر ۱۹۶۶ء جب میں جبلپور کے تبلیغی پروگرام پر تھا والد ماجد علیہ الرحمہ نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ عزیزی انوار نظامی نے حضور برہان ملت مفتی اعظم مدھیہ پردیش کو فون کیا اور حضرت نے از راہ خورداں نوازی بہ نفس نفیس تشریف لاکر مجھے اپنے کلیجے سے لگایا اور روکر والد مرحوم کے وصال کی اندوہ ناک خبر مجھے سنائی۔ انور خاں محبوب کمپنی کے اس برتاؤ کو میں کبھی فراموش نہ کرسکوں گا کہ اس کمپنی نے خبر پاتے ہی اپنی جیپ کار میرے سپرد کر دی اور مولانا نور محمد شاہ رضوی، الحاج حافظ منور علی صاحب رضوی اور صوفی سید شاہ عزیز احمد صاحب کی معیت میں میں جبلپور سے الٰہ آباد کے لئے روانہ ہوا۔ دو سو تیس ۲۳۰ میل کی یہ طویل مسافت پانچ گھنٹے میں ختم ہوئی چنانچہ مغرب سے پہلے میں الٰہ آباد پہنچ گیا۔

سراج الاولیاء حضرت مولانا حکیم سید محمد احسن میاں صاحب سجادہ نشین درگاہ شاہ رفیع الزماں نے نماز جنازہ پڑھائی۔ نماز جنازہ میں شہر کے علماء، مشائخ، حفاظ، قراء، جامعہ حبیبیہ کے اساتذہ، طلبا، اپنے اعزا واقربا کے علاوہ معززین شہر نے شرکت کی۔ مکرمی شہزادے بھائی، جناب الحاج حافظ عبدالباری صاحب وخطیب جامع مسجد مولانا حافظ قاری مفتی سید مقبول حسین صاحب نے قبر میں

نعش اتاری۔ تدفین کے بعد شیخ المعقولات حضرت مولانا محمود عالم صاحب مدرس دار العلوم جامعہ حبیبیہ کے ایما پر عزیزی حافظ حبیب یار خاں اندوری نے اذان پکاری۔ وقت کی عظیم المرتبت شخصیت سید العارفین حضرت مولانا صوفی شاہ قاضی صدر الدین عرف گھاسی بابا علیہ الرحمہ کے پڑوس میں والد مرحوم نے جگہ پائی۔ عم مکرم مورخ اسلامی حضرت مولانا حکیم محمد یونس صاحب نظامی نے حسب ذیل تاریخ وفات کہی جو لوح مزار پر کندہ ہے۔

چہلم میں شرکت کی غرض سے آقائے نعمت حضور مجاہد ملت نے زحمت فرمائی دیگر عام تقریبات میں شیخ طریقت حضرت مولانا الحاج حکیم صوفی سید شاہ عزیز احمد صاحب قبلہ سجادہ نشین خانقاہ ابو العلائیہ، حضرت رازؔ، حاجی عظیم اللہ صاحب، غلام مصطفٰے بھائی نجہ میاں، عبد الرشید ارشد نظامی، شمس الدین شاہو، مولانا نسیم اشرف، مولانا عاشق الرحمٰن، مولانا محمود عالم، مولانا صدر الحق اور عم مکرم حکیم محمد یونس صاحب میرے شریک غم رہے۔

غمزدہ مشتاق احمد نظامی

نتیجہ فکر حضرت مولانا حکیم محمد یونس صاحب نظامی

الا باللہ یا عبادی فادخلی جنتی

۱۳۸۶ھ

تربت شیدائے جہاں

۱۳۸۶ھ

مولانا مشتاق احمد نظامی کے والد بزرگوار
ساکن سرائے غنی
مولوی حاجی شیخ محرم علی آج

۱۳۸۶ھ

۲۶ جمادی الاول ۱۳۸۶ھ مطابق ۱۳ ستمبر ۱۹۶۶ء بروز منگل بوقت نماز فجر، بعمر ۲۷ سال واصل الی اللہ ہوئے۔ نور اللہ مرقدہ

شیخ فردوس مکان ہے

۱۳۸۶ھ

مولوی حاجی و صوفی عابد شب زندہ دار
اللہ اللہ سے غرض دنیا سے تھے وہ دست کش
قادری چشتی حسامی حاجی محرم علی
صبح صادق کو گئے سوئے جناں وہ برق وش
صبح تھی بست و ششم ماہ جمادی الاولیں
آیا جو قاصد اجل کا چل دئے بے غل و غش
عالم و صوفی مشایخ دیں کے طلبہ اور عوام
ان کی میت میں بفضل حق بہت کافی تھا رش
سال رحلت ان کا اے یونس نظامی بے نوا
لکھ۔ یک ہزار و سہ صد و ہشتاد و شش

۱۳۸۶ھ

حاجی محرم علی متقی و پارسا
وہ گئے جنت کو جب لینے انھیں آئی اجل
سال تاریخی معمہ ہے نظامی بے نوا
کل نفسٍ ذائقۃ الموت حل

۱۹۶۶ء

نعتیں

جنابِ آرزو سہارنپوری

ازل سے ہی محمدؐ کی ثنا خواں ہے زباں میری
بیاضِ صبحِ ہستی پر لکھی ہے داستاں میری

ترے محبوب کی مدح و ثنا مقصود ہے مجھ کو
دُھلا دے آبِ کوثر سے کوئی یارب زباں میری

غلامِ حضرتِ خیر الوریٰ ہوں، کیا نہیں میرا
فضائے لامکاں میری، بساطِ کن فکاں میری

کوئی آساں نہیں عشقِ محمدؐ میں قدم رکھنا
ہزاروں بار میرے جسم سے نکلی ہے جاں میری

مرے ہر حرف سے ٹپکے گی بو عشقِ محمدؐ کی
فرشتے حشر میں دُہرائیں گے جب داستاں میری

کچھ ایسا کھو گیا ہوں نشۂ توحیدِ مطلق میں
مجھے خود بھی نہیں معلوم نظریں ہیں کہاں میری

مرے اجزائے ہستی زینتِ بزمِ تجلی ہیں
میں ایسا ہوں کہ مٹی بھی نہیں ہے رائیگاں میری

مدینے کی ہر اک شے کو نظر سے سجدے کرتا ہوں
مجھے محسوس ہوتا ہے کہ منزل ہے یہاں میری

مرے اشعار میں اے آرزوؔ رنگِ فصاحت ہے
بہت کچھ حضرتِ حسّانؓ سے ملتی ہے زباں میری

جنابِ ... الٰہ آبادی

... نقشِ قدم سرورِ دیں ہے
... فلکِ ماہ و انجم کی جبیں ہے
... میں تو آرام گہِ سرورِ دیں ہے
... میں سوا عرش سے وہ پاک جبیں ہے
پروازِ تخیل بھی مری اتنی نہیں ہے
... رفعتِ محبوبِ خدا ہادیِ دیں ہے
... فیضِ تصور ترے اعجاز کے صدقے
... صبح یہاں روح مدینے کے قریں ہے
کس طرح لکھوں نعتِ شہنشاہِ دو عالم
شایانِ نبی لفظ کوئی پاس نہیں ہے
... یہاں ہر ذرہ ہے گلدستۂ معنی
... کی زمیں نازشِ فردوسِ بریں ہے

جنابِ قمر سلیمانی کانپوری

کنزِ مخفی کے اسرار کھلنے لگے کھل گیا رحمتوں کا مہکتا چمن
صبح کی گود میں جگمگانے لگی آفتابِ رسالت کی پہلی کرن

اللہ اللہ صورت کی حیرت گری اللہ اللہ جلووں کی یہ دلکشی
حُسن نورٌ علیٰ نور کا آئینہ روئے روشن قمر زلف مشکِ ختن

ہر نظر میں تجلی عرشِ بریں، ہر نفس محوِ تسبیحِ ربُّ العلیٰ
لب سے تہلیل و تحمید کی بارشیں ہر ادا اپنی مرکز پہ اک انجمن

محوِ دیدار ہے چشمِ معنیٰ نگر، کیا بتائے کوئی شانِ خیر البشر
نور کا چہرہ ہے، نور کی ہے جبیں، نور کا جسم ہے نور کا پیرہن

دستِ قدرت کی گلکاریاں دیکھیے، شانِ رحمت کی فیاضیاں دیکھیے
ایک ہی نقش میں جلوہ افروز ہے دلکشی دلبری سادگی بانکپن

چوم کر اس درِ پاک کو اے قمرؔ نعتِ اقدس سناؤں گا میں جھوم کر
ہند کی سرزمیں سے عرب کی طرف لے چلے تو مجھے میرا دیوانہ پن

آج کا عرس

مشتاق احمد نظامی

غالب اس تلخ نوائی سے مجھے رکھیو معاف
آج کچھ درد مرے دل میں سوا ہوتا ہے

اسلامی لیبل پر نہ جانے کتنی جماعتیں وجود میں آئیں اور آج بھی متعدد جماعتیں ہیں اور قیامت تک جماعت سازی کا سلسلہ جاری رہے گا۔

یہ ایک ایسا ذہنی اور عملی طوفان ہے جو ہر دور میں اٹھا اور ہمیشہ اٹھتا رہے گا، روافض، خوارج، معتزلی، ناصبی، جبریہ، قدریہ، یہ سب اپنے اپنے وقت کی پیداوار ہیں۔ بعض ان میں وہ جماعتیں ہیں جن کا نام صرف صفحات تاریخ یا عقائد کی کتابوں میں باقی رہ گیا ہے۔ لیکن جماعتی حیثیت سے انکا وجود کالعدم ہو گیا اور انھیں میں بعض وہ جماعتیں ہیں جن کی جڑیں مضبوط ہو گئیں اور دھیرے دھیرے انھوں نے اپنی جماعتی حیثیت پیدا کر لی جو آج تک حق و صداقت سے برسر پیکار ہیں۔ اس آخری دور میں اہل سنت کے مقابل جس جماعت نے پوری شد و مد سے مورچہ بندی کی وہ دیوبندی گروپ ہے، جس کا ایک ایک فرد اپنی کمین گاہ میں آستین چڑھائے "ہل من مبارز" پکار رہا ہے، مسلمانوں میں افتراق و انتشار اور ان کی تفسیق و تضلیل کرنی اور سچے پکے نمازی مسلمانوں کو مشرک و بدعتی کہنا۔ یہ حضرات دیوبند کا طرۂ امتیاز ہے۔

میرا روئے سخن آج ان کی طرف نہیں بلکہ اپنے ہی بزرگوں اور دوستوں سے ایک مخلصانہ بات عرض کرنی ہے۔ واضح رہے کہ ہر جماعت کی خواہ وہ بڑی ہو یا چھوٹی اس کی ایک معینہ پالیسی ہوتی ہے جس کا تعین اور نفاذ ارباب اقتدار کے ہاتھوں رہتا ہے، قائدین جماعت کی ایک معمولی سی بھول جماعت کو قعر مذلت میں پہنچا سکتی ہے اور ہر وقت انکی ہوشمندی اور دانائی جماعت میں چار چاند لگا سکتی ہے۔ عوام کی عملی کجروی و ذہنی بد اخلاقی سے اگر خواصوں نے منہ موڑ لیا تو سمجھ لینا چاہئے کہ وہ کچھ دنوں بعد ان کی قانونی گرفت سے باہر ہو جائیں گے۔ مثلاً آج عرس کا مسئلہ ہے جو روز بروز عوام کے ہاتھوں چلا جا رہا ہے۔

عرس کی رسم سعید جن مسعود و مبارک مقاصد کے تحت وجود میں آئی ہے اس میں عوام کی بعض دینی ضروریات کی تکمیل اور صاحب مزار کی فیض رسانی سے غیروں کو بھی انکار نہیں جس کی تفصیل کیلئے "فیصلہ ہفت مسئلہ" اور "شمائم امدادیہ" مصنفہ حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی کا مطالعہ کافی ہوگا۔ جس میں مہاجر مکی نے عرس کے دینی مفاد پر عقلی اور نقلی دونوں حیثیت سے ایک سیر حاصل گفتگو فرمائی ہے۔ خود شیخ الاسلام نمبر کے ابتدائی صفحات میں مولوی حسین احمد صاحب صدر دیوبند کے یہ الفاظ نقل کئے گئے ہیں۔

"مجھکو جو کچھ ملا سلسلۂ چشت سے ملا جو جس کا کھاتا ہے اسی کا گاتا ہے"

اس کے باوجود تقریباً نصف صدی سے زائد ہو گئے کہ حضرات دیوبند علماء اہل سنت سے اس مسئلہ میں الجھے اور اہل سنت کے اہل قلم اور اہل زبان نے عقلی اور نقلی حیثیت سے اس مسئلہ کی تحقیق و تنقیح کر کے اس کے جائز ہونے پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔ حضرات دیوبند ایک رسم سعید کو مٹانا چاہتے تھے اور سچ تو یہ ہے اسی پردے میں اولیاء اللہ کی عظمت و حرمت ختم کر دینے کی انھوں نے قسم کھائی تھی مگر علمائے اہل سنت نے اپنے زور دلائل کا ایک سمندر بہا دیا، جس میں دیوبندیوں کے سارے دلائل خس و خاشاک کی مانند بہہ گئے۔ یہ انھیں کوششوں یا جہاد بالقلم کا نتیجہ ہے کہ آستانہ جات کے مراسم عرس حسب دستور اپنی آب و تاب سے باقی ہیں۔

لیکن حالات نے اب ایک نئی کروٹ لی ہے اور ہر سال دس بیس

عرس کی بنیاد پڑتی جا رہی ہے جس کے پس پردہ بہت سے دنیاوی اغراض و مقاصد پھلتے پھولتے ہیں۔

کل تک جہاں ایک ٹوٹی ہوئی قبر تھی آج اسی قبر پر چادر، گاگر، پھول، اگربتی کا پورا اہتمام ہے۔ صاحب مزار کے شجرۂ نسب اور سلسلۂ طریقت کا کوئی پتہ نہیں، یہ بھی نہیں معلوم کہ سلسلۂ چشتیہ سے منسلک تھے یا قادریہ سلسلہ سے وابستگی تھی مگر قوالی کا انتظام پوری آن بان سے ہے۔

اسماعیل آزاد اور حبیب پینٹر کے لئے ہزاروں روپئے کے چندے ہو رہے ہیں، پھولوں کے نہیں نوٹوں کے ہار قوالوں کو پہنائے جاتے ہیں اور اسی دھوم دھام اور نام و نمود میں ہزاروں روپئے پانی کی طرح بہا دئے جاتے ہیں، لیکن اگر کوئی اس قسم کی بازاری قوالی کی مخالفت کرے تو کھلے بندوں یہ کہدیا جاتا ہے کہ بزرگان دین بھی قوالی سنتے تھے۔

اب انھیں کون سمجھائے کہ محفل سماع خود بزرگوں کا مابہ النزاع مسئلہ رہا اور آج تک خود علماء اہل سنت اور مشائخ طریقت کے مابین یہ ایک اختلافی مسئلہ ہے، اور جن بزرگوں نے محفل سماع کو جائز قرار دیا ہے تو اس قوالی کو نہیں جو ہو رہا ہے اور بازاروں میں گائی جا رہی ہے بلکہ چند شرائط و قیود کے ساتھ اسے جائز قرار دیا ہے۔ مثلاً ان شرائط میں سے ایک شرط یہ ہے کہ اگر ایک شخص کئی دن کا بھوکا ہو، ایک طرف دسترخوان پر چنے ہوئے کھانے ہیں اور دوسری طرف محفل سماع ہو رہی ہے تو اس کی رغبت کھانے کی طرف نہ ہو بلکہ محفل سماع سے روحانی غذا حاصل کرے جس پر ایسی کیفیت طاری ہو اور متوجہ الی اللہ ہو جو ساز کے زیر و بم اور اس کے اتار چڑھاؤ پر سر دھننے کے بجائے ساز کی ہر آواز میں اللہ اللہ کی صدا سنتا ہو اس کے لئے جائز ہے نہ کہ ان کے لئے جو سگریٹ و بیڑی پیتے ہوئے قوالی سن رہے ہیں اور ان کی تھکان مٹانے کے لئے چائے اور قہوہ کے پر تکلف ہوٹل ہیں۔

بتائیے کہاں اللہ والوں کی محفل سماع اور کہاں ہم جیسے نفس کے بندوں کی مجلس سوز و ساز۔ یہ تو ایسے ہی ہوا جیسے کہ کسی ایک مستند بزرگ کا واقعہ مشہور ہے کہ ایک بار اپنے مریدین کے ساتھ کہیں سے گذر رہے تھے۔ راستہ میں ایک لڑکی ملی تو آپ نے اس کا بوسہ لے لیا۔ پیر کی اتباع میں تمام تمام مریدین نے بھی بوسہ لے لیا۔ آگے بڑھے تو آگ کی بھٹی لگی تھی۔ اللہ کے ولی کامل نے اس میں سے ایک دہکتے ہوئے انگارے کو چوم لیا۔ اب سارے مریدین ایک دوسرے کا منہ تاک رہے ہیں۔ مگر کسی کی ہمت نہ پڑی کہ انگارے کو بوسہ دے، تب آپ نے فرمایا۔ میاں یہاں اتباع پیر کا جذبہ کیوں سرد پڑ گیا۔ اسی لئے عارف باللہ حضرت مولانا روم علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے۔

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر — گرچہ باشد در نوشتن شیر و شیر

شیر آں باشد کہ مردم می درد — شیر آں باشد کہ مردم می خورد

بزرگوں کے کام پر اپنے کام کو مت قیاس کرو۔ شیر اور شیر لکھنے میں یکساں ہوتا ہے مگر شیر وہ ہے جو آدمی کو کھا جاتا ہے اور شیر یعنی دودھ وہ ہے جسے آدمی کھاتا پیتا ہے۔

دوستو! تم اپنی موجودہ قوالی کو بزرگوں کی اس محفل سماع پر مت قیاس کرو جس پر اللہ کی رحمتیں برستی تھیں جس میں کوئی نااہل بھی پہنچکر ان کی فیض صحبت سے اہل اللہ ہو جاتا تھا۔ وہ اللہ والے تھے، صاحب خرق عادات و کرامات تھے، ان کے بال بال سے اللہ اللہ کی آواز آتی تھی، خاک پر نگاہ ڈالی کندن بنا دیا، کانٹے پر نظر رحمت پڑ گئی تو شاداب پھول ہو گیا، چور پر پیار آگیا تو قطب و ابدال بن گیا، اللہ کی بارگاہ میں سر نیاز جھکانا ہوا تو کبھی فضاؤں میں چادر بچھائی تو کبھی دریا کی لہروں پر مصلیٰ بچھایا، بتاؤ آج ہماری تمھاری بزم قوالی میں کون ایسا ہے؟

دوستو! عرس اور قوالی کے نام پر علماء اور بزرگوں کو بدنام نہ کرو وہ عرس جس میں بدعات اور منکرات ہوں، اس کو عرس نہ کہو اور بازار اور چوراہے والی قوالی کو بزرگوں کی محفل سماع مت کہو۔ علماء نے جس عرس کو جائز قرار دیا ہے وہ عرس نہیں ہے جس کو تم من مانی کرنا چاہتے ہو، اور جن مشائخ نے محفل سماع کو جائز کہا ہے وہ آج کی یہ قوالی نہیں ہے، جو بازاروں میں گلے پھاڑ پھاڑ کر گائی جا رہی ہے۔ آج دشمن ہماری گھات میں لگا ہے۔ دیوبندیت کسی نہ کسی نہج سے ہمارے مشن کو بدنام کرنا چاہتی ہے، جہاں تمھاری معمولی سی خطا اللہ کی ناراضگی کا باعث ہے وہیں تمھاری یہ خطائیں مسلک اہل سنت کو بدنام کرنے پر شہ دلاتی ہیں۔

آج اپنے علماء بہت ہی کٹھن اور دشوار گزار مراحل سے گزر رہے ہیں، اس کے راستے میں کانٹے نہ بچھاؤ۔ ہم یہ جانتے ہیں کہ تمہارا افعل حجت و دلیل نہیں ہے، مگر تم اپنے ہو اس لئے دیوبندیت تمہاری معمولی سی خطا کو جھنڈا بنا کر نگر نگر پھرتی ہے اور تمہاری بعض لغزشوں سے مسلک اہل سنت کو بدنام کرنے میں انھیں مدد ملجاتی ہے۔ ہم اولیاء اللہ کے آستانوں کی حاضری اور اس کی فیض بخشی اور تاریخ معینہ پر عرس کے قائل ہیں۔ لیکن جس عرس کو ہم جائز سمجھتے ہیں اس کی جیتی جاگتی مثال دیکھنی ہو تو بریلی شریف، گھوسی، مارہرہ شریف، مرادآباد، بدایوں شریف آؤ تو ہم عملی طور پر تمھیں بتائیں کہ شرعی عرس اس کو کہتے ہیں۔

خواص کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے اپنے حلقہ اثر میں ایسے اعراس کی اصلاح کریں جن میں بدعات و منکرات نے جگہ بنالی ہو، ان معاملات میں خواص کو عوامی رجحانات سے مرعوب نہیں ہونا چاہیئے بلکہ پوری للہیت اور نیک نیتی و پامردی سے عوام کی اصلاح کرنی چاہیئے ورنہ ان کی یہ بدمذاقی ہمارے بہت سے فرعی مسائل کا حلیہ بدل دے گی اور اندیشہ ہے کہ کہیں آگے چل کر ان مسائل کے اصلی خد و خال پر آج کے فوق البھڑک نقش و نگار غالب نہ آجائیں۔

کتنے افسوس کا مقام ہوگا جبکہ ہماری برسہا برس کی جدوجہد سے وہ مسائل جو آفتاب سے زیادہ روشن ہو چکے ہیں اس پر ہمارے ہی عوام کے ہاتھوں دبیز پردہ پڑ جائے گا جس سے ان کی اصل صورت پہچاننی مشکل ہو جائے گی۔ ابھی پانی سر سے اونچا نہیں ہوا۔ اب بھی وقت ہے کہ عوام کے فکر و عمل پر کنٹرول کیا جائے۔ ورنہ دھیرے دھیرے یہ باتیں اس قدر عام ہو جائیں گی جن کی اصلاح قریب قریب ناممکن سی ہو جائے گی۔

اس ضمن میں ہمارے مسلک سے متعلق بہت سے خواص و عوام چند در چند غلط فہمیوں میں مبتلا ہیں جس کے پیچھے دیوبندازم کا ہاتھ ہے مثلاً بہت سے لوگ یہ سمجھنے لگے ہیں کہ عرس کرنے والے اور قوالی سننے والے سنی ہیں اور اس کی مخالفت کرنے والے وہابی دیوبندی ہیں لہٰذا تقریر و تحریر سے اس امر کی وضاحت ضروری ہے کہ سنیت کی علامت و پہچان عرس و قوالی نہیں۔

بلکہ سنیت کی جان عشق رسول اور اتباع سنت ہے اور وہابیت و دیوبندیت کی روح توہین نبوت ہے اور اولیاء کرام کی بارگاہ میں گستاخی و بے ادبی ان کی کھلی ہوئی علامت و پہچان ہے جیسا کہ اس خبر سے پورا ملک واقف ہے کہ چند برس بیشتر حضور سرکار غریب نواز کے گنبد مبارک پر دیوبندی طلباء نے غلاظت پھینکی تھی۔

غرضیکہ عوام اہل سنت و خواص اہل سنت کو اپنی اپنی جگہ اپنی ذمہ داری کا احساس ہونا چاہیئے اگر آج ہم نے اس کی طرف توجہ نہ کی تو آئندہ ہزارہا زحمتوں کا سامنا ہوگا۔

یہ ایک بہت ہی تفصیل طلب عنوان ہے انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ شمارہ میں اس پر مزید گفتگو کی جائے گی۔

ایڈیٹر ہفت روزہ "ندائے ملت" لکھنؤ کی غلط بیانی
پر
اراکین مدرسہ حامدیہ اشرفیہ جامع مسجد سنبھل کا جواب

جناب ایڈیٹر صاحب ہفت روزہ ندائے ملت لکھنؤ بعدہا ہو المسنون ۳۰ر ستمبر ۶۶ء کے شمارہ میں صوفی عبدالکریم، خواجہ معین صاحب کے استفسار کا غلط جواب دیکر آپ نے نہ صرف مدرسہ سراج العلوم حامدیہ اشرفیہ جامع مسجد سنبھل کی حقیقت واقعیہ پر پردہ ڈالا ہے بلکہ بہت سے مسلمانوں کے جذبات کو مجروح بھی کیا ہے۔ ایک موقر جریدہ کے لئے بلا تحقیق اس قسم کی غلط بیانی سخت ترین اخلاقی جرم اور انسانیت سوز حرکت بھی ہے۔ ہمارے مدرسہ اشرفیہ میں ابتدائی درجات سے لے کر دورۂ حدیث تک مکمل تعلیم جاری ہے جس میں سات مدرسین کام کر رہے ہیں۔

جامعہ اردو علیگڈھ کے امتحانات ادیب، ادیب ماہر، ادیب کامل کا سینٹر بھی ہے۔ مدرسۂ ہذا کی ذاتی شاندار دو منزلہ عمارت ہے۔ اس کا دار الاقامہ اپنی نوعیت کا ہندوستان کے سنی مدارس میں امتیازی حیثیت کا حامل ہے۔ بنگلور، میسور، شموتھ، نظام آباد، بجواڑہ، مکرانہ، ڈیڈوانہ، بوندی، کیتھون وغیرہ مقامات کے تیس طلبا مدرسہ کے بورڈنگ میں اقامت گزیں ہیں۔ اس کی سالانہ رپورٹ شائع ہوتی ہے۔

ہمیں امید ہے کہ آپ صداقت و حقانیت کا ثبوت پیش فرماتے ہوئے ۳۰ر ستمبر ۶۶ء والے مضمون کی غلط اشاعت پر معذرت کے ساتھ ہماری لکھی ہوئی کیفیت ندائے ملت میں شائع فرماکر ہزارہا مسلمانوں کے بڑھتے ہوئے خلفشار کو دور فرمائینگے۔ ہمارے اس مراسلہ پر آپ نے کیا رائے قائم کی؟ ہمیں بہت جلد مطلع فرمائیں تاکہ ندائے ملت کے خلاف بھی بڑھتے ہوئے سیلاب کو روکا جاسکے۔

(نوٹ) بصورت عدم جواب اور صفائی پیش نہ فرمانے پر اراکین مدرسہ قانونی کارروائی کرنے پر مجبور ہوں گے۔

(دستخط) الحاج چودھری محمد خورشید علی خاں صدر مدرسہ حامدیہ اشرفیہ جامع مسجد سنبھل

(دستخط) حامد حسین قادری اشرفی مہتمم مدرسہ حامدیہ اشرفیہ جامع مسجد سنبھل

(دستخط) منشی خورشید حسن ممبر مدرسہ (دستخط) احمد حسن نائب مہتمم و مفتی مدرسہ ہذا

(دستخط) محمد فاروق اشرفی عفی عنہ (دستخط) عبدالرزاق قریشی خازن مدرسہ

(دستخط) اسرار الٰہی لائٹ انسپکٹر سونسپل بورڈ سنبھل ممبر مدرسہ (دستخط) بابو فضل کریم ممبر مدرسہ

(دستخط) ایم اللہ بخش سوداگر سینگ ممبر مدرسہ

(دستخط) حاجی سراج الدین رضوی کلاتھ مرچنٹ ممبر مدرسہ (دستخط) محمد اسماعیل قریشی سوداگر ممبر مدرسہ

(دستخط) شیخ نثار احمد کھنڈساری ممبر مدرسہ

مہر
مدرسہ سراج العلوم حامدیہ
اشرفیہ جامع مسجد سنبھل
(مراد آباد)
یو۔پی

۴ر نومبر ۶۶ء

ماہنامہ پاسبان الہ آباد پوری ملت اسلامیہ کا ہر دلعزیز و محبوب ترین جریدہ ہے جس نے اپنی سترہ برس کی بے لوث دینی خدمات سے سنیت میں ایک شاندار اور انمٹ یادگار چھوڑی ہے آج کے ترقی پسند دور میں کسی بھی جماعت یا ادارے کی ترقی کا زینہ پریس ہے پریس ہی ایک ایسی طاقت ہے جسکے بل بوتے ذہن و فکر کا ایک عظیم انقلاب برپا کیا جاسکتا ہے۔ کسی بھی زندہ جماعت یا ادارہ صحافت کی پہلی شناخت پریس کی طاقت ہے۔ ورنہ وہ ادارے نیم مردہ یا قبر کی گود میں سمجھے جاتے ہیں ـــ یہ خیال کرتے ہوئے کہ اعلیحضرت سیدنا امام احمد رضا فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ضخیم تصانیف و رسائل کو عہد حاضر کے مزاج کے مطابق عمدہ کاغذ، حسین کتابت اور نظر نواز ٹائٹل سے سنوار کر بہت کم قیمتوں میں عام سے عام تر کر دیا جائے ایک عمدہ پریس کی ضرورت میں نے محسوس کی تھی، تاکہ فاضل بریلوی اور اہلسنت کے دیگر اہل قلم کی کتابیں ملک کی عام لائبریریوں کتبخانوں و اہل علم و صاحب قلم تک پہنچ سکیں ـــ

چنانچہ میں نے اپنی اسی دیرینہ آرزو کے تحت حضرت سیدنا امام احمد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رسائل کی کتابت کا کام شروع کرا دیا تھا وہ آج بھی مکتبہ پاسبان کے فائل میں محفوظ ہیں۔

لیکن یہ سوچ کر ہمت ٹوٹ گئی کہ اتنے ہزار ہا ہزار روپئے جو دوسرے پریس کو دئے جائیں اس سے کہیں زیادہ یہ مناسب ہے کہ اس عظیم منصوبہ بندی کے آغاز سے پہلے پاسبان کا خود اپنا پریس ہو تاکہ کم لاگت اور کم قیمت میں یہ کتابیں ہر گھر تک پہنچائی جاسکیں ـــ یہ وہ حرف کار ہے جسکے تحت سنی مکتبہ فکر کی توسیع اشاعت اور اسکی افادیت کا پہلو بلند ہو جائے گا ـــ

میں اس سلسلہ میں کسی عام یا ہنگامی اسکیم کا خواہشمند نہیں بلکہ اہلسنت کے صرف چند مقتدر دور اندیش اہل خیر و اہل دل کی توجہ چاہتا ہوں جو اس بوجھ کو اپنے کاندھے پر لے لیں تاکہ ادارہ پاسبان اپنے حوصلہ کے مطابق اہلسنت کی خدمات کا پورا پورا حق ادا کر سکے ـــ

پریس کے بعد مکتبہ پاسبان سے جسقدر بھی کتابیں شایع ہونگی اس کار خیر میں شریک ہونیوالوں کو وہ ہمیشہ ہمیش بطور ہدیہ محبت پیش کی جاتی رہیں گی پاسبان پریس کے لئے جو رقم بھی موصول ہوتی جائیگی وہ حسب ترتیب ماہنامہ پاسبان میں شایع کر دیجائیگی ـــ

مشتاق احمد نظامی

ایڈیٹر پاسبانِ الہ آباد

جناب ملا حمیدی صاحب مدرسہ علمیہ انوار العلوم مظفر پور

اسلام میں عقل انسانی کا احترام

بلاشبہ غیر مبدل اصول صرف قرآنی احکام اور احادیث کریمہ سے ثابت مسائل ہو سکتے" ہیں لیکن استخراجی مسائل اور اجتہادی احکام میں زمانہ کے امتداد، تہذیب و معاشرت کی ترقی سے تغیر و تبدل کی گنجائش ضرور رہتی ہے۔ ہر وہ مذہب جس میں عقلی اقتضا کے پورا کرنے کی صلاحیت نہ ہو اور اس میں انجماد و تعطل کی کیفیت پائی جائے تہذیب و معاشرہ کی ترقی سے جو مسائل کی کثرت ہوتی ہے، اس میں اس کے حل کا کوئی اصول نہ ہو، وہ مذہب تاریخ کے اوراق میں تو باقی رہ سکتا ہے لیکن عملی حیثیت سے اس کی ضرورت ختم ہو جاتی ہے۔

تاریخ عالم میں مذاہب کی داستان بہت لمبی ملے گی مگر وہ کون مذہب ہے جس کی ترقی اور نشو و نما دور جدید میں رک نہ گئی ہو۔ عیسائیت رہبانیت سے بدل گئی، ملکی اور اجتماعی معاملات میں اس کا حصہ نہ رہا۔ بدھ مت اشتراکیت کے غلبہ کا شکار ہو رہا ہے مجوسیت کے نام و نشان صفحات عالم سے مٹ گئے۔ الغرض فلسفہ و سائنس کی ترقی نے ان مذاہب کی بیخ و بن کاٹ کر رکھدی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان مذاہب میں جمود و تعطل تھا۔ زمانہ کے مسائل کے حل کی صلاحیت نہ تھی۔ ان کی بنیاد معقولیت سے زیادہ توہمات پرستی پر تھی اور ان میں عقل انسانی کا احترام ختم کر دیا گیا تھا لیکن اسلام ان نقائص سے پاک و صاف ہے۔ یہاں عقل و رائے کو ایک حد تک شریعت میں دخل ہے۔ اسی لئے جابجا قرآن حکیم نے انسانی عقل کو دعوت فکر دی ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔

فاعتبروا یا اولی الابصار۔ جو اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انسان کے قیاس و رائے کو ایک عظیم الشان مرتبہ عطا کیا ہے اور اس کو دلیل شریعت کی حیثیت دیدی۔ نیز احادیث کریمہ سے اس امر کا واضح ثبوت ملتا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ملاحظہ ہو۔

قال علیہ الصلوٰۃ والسلام لمعاذ بن جبل حین بعث الی الیمن لم تقضی یا معاذ قال بکتاب اللہ تعالیٰ قال فان لم تجد قال بسنۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال فان لم تجد قال اجتھد برائی فصوبہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال الحمد للہ الذی وفق رسول رسول اللہ ما یحب ویرضاہ

حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یمن کا قاضی بنا کر بھیجا چلتے وقت نبی امی فداہ ابی و امی نے ارشاد فرمایا، انسانی حقوق کی حفاظت اور لوگوں کے مسائل کیونکر حل کرو گے۔ انھوں نے کہا کہ قرآن حکیم سے فیصلہ صادر کروں گا حضور نے دوبارہ ارشاد فرمایا اگر تمھیں کتاب اللہ میں اس کا حل نہ ملے تو پھر کیا کرو گے عرض کی یا رسول آپ کے ارشادات کے موافق فیصلہ کروں گا۔ رحمت عالم نے تیسری بار فرمایا کہ اگر ہمارے اخبار میں بھی تمھیں اس کا حل نہ ملے تو پھر کیا کرو گے۔ انھوں نے جواب میں کہا اپنی رائے و عقل سے اجتہاد کروں گا۔

اس حدیث پاک سے درج ذیل دفعات کی توضیح ہوتی ہے۔

(الف) مبدء فیاض نے اصول و ضوابط متعین کر دیئے ہیں۔ اس میں انسانی حقوق کی حفاظت کی پوری ضمانت لی گئی ہے اور کسی قسم کی ترمیم و تنسیخ کی گنجائش نہیں حتیٰ کہ وہ فروعی مسائل جو کتاب اللہ اور ارشادات نبوی میں بوضاحت مذکور ہیں۔

اس میں عقل ورائے کا دخل نہیں "فبما تقضی" اور "فان لم تجد یامعاذ" سے اس بات کی طرف واضح اشارہ ہوتا ہے۔

(ب) ایک قاضی اور جج کے لئے ضروری ہے کہ اس کی نگاہوں کے سامنے قرآن عظیم اور ارشادات نبویہ ہوں۔ کتاب اللہ میں احکام نہ ملیں تو حدیث کریم کی طرف رجوع کرے۔ بعد میں اپنی رائے اور عقل سے فیصلہ صادر کرے یعنی فیصلہ میں کتاب اللہ واحادیث کریمہ اور قیاس میں باہمی ترتیب ضروری ہے۔

(ج) فروعی اور استخراجی مسائل کا استنباط اگر عقل ورائے سے کیا جائے تو یہ شریعت بیضاء کے خلاف نہیں۔ بشرطیکہ اس کے متعلق واضح احکام کتاب وسنت میں مذکور نہ ہوں۔ "قال اجتھد برائی" اس کا بین ثبوت ہے۔

(د) دلیل شریعت کی حیثیت سے اسلام نے قیاس وعقل کو تسلیم کیا ہے۔ البتہ اس کے لئے کچھ حدود متعین کئے ہیں۔

پس جبکہ مندرجہ بالا امور آپ کے سامنے آگئے۔ آپ غور وفکر سے معلوم کرسکتے ہیں کہ انسانی حقوق کی ضمانت جو اسلام نے دی ہے اور عقلی اقتضاء کے پورا کرنے کی جو صلاحیت اس میں پائی جاتی ہے وہ کسی قدر بلند درجہ پر ہے۔ اسلام نے انسانی عقل کو جو قدم قدم پر ٹھوکریں کھاتی ہے، ایک محدود دائرہ میں لاکر دلیل شریعت کے طور پر تسلیم کیا ہے اس لئے جیسے جیسے معاشرہ ترقی کرتا جائے گا۔ اس کے مسائل کا حل اسلام سے ملتا رہے گا،

لہذا ثابت ہوا کہ اسلام میں جمود وتعطل نہیں، تمدن ومعاشرہ کی ترقی سے اس کی راہ میں رکاوٹ نہیں پڑسکتی۔ لہذا یہ خیال بالکل جہالت پر مبنی ہے کہ مذہب میں عقل کا دخل نہیں ہے۔ عقل انسانی کو اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں کہ مذہبی معتقدات خواہ عقل کے موافق ہوں یا مخالف، اس کے اسباب وعلل سمجھ میں آئیں نہ آئیں۔ مذہب زمانہ کے موجودہ مسائل حل کرسکے یا نہ کرسکے بہرحال اس کا ماننا ضروری ہے۔ چاہے اس کی بنیاد توہمات پر ہی کیوں نہ ہو۔

حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی مشہور تصنیف احیاء العلوم میں فرماتے ہیں۔

والداعی الی محض التقلید
مع عزل العقل بالکلیۃ
جاھل والمکتفی بمجرد
العقل عن انوار القرآن
والسنۃ مغرور فایاک
ان احد الفریقین و
کن جامعا بین الاصلین
فان علوم العقلیۃ
کالاغذیۃ والعلوم
الشرعیۃ کالادویۃ۔

جو شخص عقل کو بالکل معزول کر کے محض تقلید کی طرف لوگوں کو بلاتا ہے وہ جاہل ہے اور جو شخص عقل پر بھروسہ کرکے قرآن وحدیث سے بے پرواہ بنتا ہے وہ مغرور ہے خبردار تم ان میں ایک فریق نہ بنو تم کو دونوں کا جامع ہونا چاہئے کیونکہ علوم عقلیہ غذا کی طرح ہے اور علوم شرعیہ دوا کی طرح۔

فلسفی اسلام امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے عقل انسانی کو معزول کرکے محض تقلید کی طرف بلانے والے کو جاہل قرار دیتے ہیں اور دوسری طرف عقل پر اعتماد کرنے والے کو مغرور بتاتے ہیں مطلب یہ ہے کہ عقل انسانی کو اعتدال کی روش پر رکھنا ضروری ہے، اس کو نہ تو بالکل آزاد چھوڑ دیا جائے اور نہ ایسی بندشیں لگادی جائیں کہ اس کی ہرطرح کی آزادی سلب کرلی جائے۔ وحی الہٰی اور انوار نبوت سے اس کو فیض حاصل کرنا ضروری ہے کیونکہ اس کے بغیر گمراہی کی عمیق غار گرجائے گی جہاں سے نجات حاصل کرنا ناممکن سا ہوگا۔

تمثیل کے ذریعہ اس کو اس طرح سمجھا جاسکتا ہے کہ قدرت نے انسان کی آنکھ کو دیکھنے کی صلاحیت عطا کی ہے اور اس کے سارے اسباب مہیا ہوجائیں پھر بھی اگر کوئی شخص اپنی قوت باصرہ کو ساون کی گھٹاٹوپ اندھیری میں صرف کرے اور چاہے کہ فضائے غیر محدود کی کوئی چیز دیکھ لے تو اس کے لئے ناممکن ہوگا یا کسی منزل کی طرف بڑھنا چاہے اور پورے جذبہ وشوق اور والہانہ انداز سے منزل مقصود کے راستہ کاٹنے کا ارادہ رکھے تو قدم قدم پر اس کو ٹھوکریں لگیں گی، اس کی قوت باصرہ جواب دیدیگی لیکن منزل مقصود پر پہنچنا تو کیا معنی مبدار سے ایک قدم آگے بڑھنے کا تصور ہولناک ہوگا۔

لہٰذا معلوم ہوا کہ قوت باصرہ اس وقت اپنے فرائض انجام
تی ہے جبکہ اس کو خارجی روشنی سے معاونت اور امداد ملے۔ پس اسی
ح عقل انسانی کا بھی حال ہے۔ جب تک اس کو وحی الٰہی اور انوار
ت سے فیض حاصل نہ ہو، ناممکن ہے کہ شہوات نفسانی کی گھٹا ٹوپ
ھیری میں صحیح راستہ کا پتہ لگا لے اور انسانیت کی فلاح وبہبودی
لئے کچھ سوچ سکے۔ عقل انسانی کی اسی کمزوری کو سرور کائنات صلی اللہ
و سلم اپنے ارشادات میں ان الفاظ میں تمثیل کے ذریعہ تشریح
اتے ہیں۔

ن ابی هريرة قال قال
ول الله صلى الله عليه وسلم
لي كمثل رجل استوقد
را فلما اضاءت ماحولها
عل الفراش وهذه
دواب التي تقع في النار
ين وجعل يحجزهن و
لبنه فيتقحمن فيها اخذ
جز كم وانتم تقحمون فيها
ذه رواية البخاري و
سلم نحوها وقال في اخرها
ل فذالك مثلي ومثلكم
نا اخذ بحجز كم عن النار
لم عن النار هلم عن النار
تغلبوني تقحمون فيها
تفق عليه۔

حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ حضرت
ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ نے کہ میری مثال اس
آدمی کی طرح ہے جس نے آگ
روشن کی اور اس کے چاروں طرف
روشنی پھیل گئی اور پتنگے اس میں
گرنے لگے۔ وہ شخص انکو نہایت سختی سے
روکتا ہے لیکن وہ مجبور ہو جاتا ہے
بالآخر پتنگے کود ہی پڑتے ہیں۔ اسی
طرح میں تمھیں جہنم کی آگ سے
روکتا ہوں اور تم اس میں داخل
ہونے کی کوشش کر رہے ہو۔

فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اس لطیف تمثیل سے یہ واضح کرنا
ہتے ہیں کہ انسان خواہشات نفسانی کا تابع اور غلام اس قدر ہو جاتا
ہے کہ اس کی عقل پر جہالت وتاریکی کے پردے اس طور سے پڑ جاتے ہیں
ور اس کی عقل صلاح وفلاح، نیکی وبدی، تاریکی وروشنی میں تمیز
کرنے سے قاصر ہو جاتی ہے اور پروانوں کی طرح انسان خواہشات
نفسانی کے بھڑکتے ہوئے شعلوں میں کود پڑتا ہے اور بالآخر جہنم میں
داخل ہو جاتا ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قرآن حکیم اور
انوار احادیث سے انسان کی عقل کو روشن کرتے ہیں یعنی اس کو منزل مقصود
کا پتہ لگانے کے لئے قوت باصرہ کی طرح خارجی روشنی عطا فرماتے ہیں
الغرض بلاشبہ عقل انسانی کا احترام اسی میں ہے کہ وحی الٰہی اور انوار
نبوت سے فیض حاصل کرتی رہے۔

پھر اگر آپ منکرین اسلام کے اس فیصلہ کو اپنی نگاہوں کے
سامنے رکھیں تو عقل انسانی کی عظمت دوقار واضح ہو جائے کہ اگر عقل و
نقل میں تعارض اس طرح ہو جائے کہ عقل جس چیز کو محال یا متعذر
تصور کرتی ہو اور اس کا اثبات نقل سے ہو رہا ہو تو اس وقت عقل کو نقل
پر مقدم کر کے نقل کی تاویل اس طرح کی جاتی ہے کہ وہ عقل انسانی کے
موافق ہو جائے اور محال کا تصور ختم ہو جائے مثلاً آیات "وهو معكم
اينما كنتم"، "ما يكون من نجوى ثلاثة الا هو
رابعهم" اور "ونحن اقرب اليه من حبل الوريد"
اور احادیث "ان قلوب بني ادم كلها بين اصبعين
من اصابع الرحمن" بمعنى انها تحت تصرفه و
قدرته لا يفوته ما وراء كما يقال فلان في قبضتي لا
يراد انه حال في كفه اور "الحجر يمين الله فمن مسحه
فقد بايع الله" اور "مرضت فلم تعدني"
اس طرح کی سیکڑوں احادیث کریمہ اور قرآن حکیم کی آیتوں کی
تاویل محض اس بنا پر کیجاتی ہے کہ عقلاً اس کے ظاہری معنی محال ہیں۔
دور جدید کا مشہور مصنف شیخ جمال الدین دمشقی اپنی عظیم الشان
تصنیف دلائل التوحید میں اس مسئلہ پر مفصل بحث کرتے ہوئے
لکھتا ہے۔

ولذا اتفق العلماء على انه
اذا تعارض العقل والنقل
اول النقل بالعقل اذا لا
يمكن حينئذ الحكم
بثبوت مقتضى كل منهما

اسی وجہ سے علماء کرام نے اتفاق
کیا ہے کہ جب عقل ونقل میں تعارض
ہو جائے تو نقل کی تاویل عقل
کے ذریعہ کیجائے گی کیونکہ دونوں
کے مقتضی کا ثبوت محال ہے اگر کہ

لما يلزم عنه من اجتماع النقيضين ولا بانتفاء ذالك لاستلزامه ارتفاع النقيضين لكن يبقى ان نقدم النقل على العقل او العقل على النقل والاول باطل لانه ابطال للاصل بالفرع وايضاحه ان النقل لا يمكن اثباته الا بالعقل وذالك لان اثبات الصانع ومعرفة النبوة وسائر ما يتوقف صحة النقل عليه لا يتم الا بطريق العقل فهو اصل للنقل الذى تتوقف صحته عليه فاذا قدم على العقل وحكم بثبوت مقتضاه وحده فقد بطل الاصل بالفرع ويلزم منه ابطال الفرع ايضاً اذ تكون حينئذ صحة النقل متفرعة على حكم العقل الذى يجوز فساده وبطلانه فلا يقطع بصحة النقل فلزم من تصحيح النقل بتقديمه على العقل عدم صحته واذا كان تصحيح الشئ منجرا الى افساده كان مناقضا لنفسه فكان باطلا واذا لم يكن تقديم النقل على العقل بالدليل السابق فقد تعين تقديم العقل على النقل وهو المطلوب

اس صورت میں اجتماع نقیضین لازم آتا ہے اور نہ دونوں کی نفی کی جا سکتی ہے۔ اس لئے کہ ارتفاع نقیضین لازم آتا ہے۔ ہاں یہ صورت باقی رہ گئی کہ نقل کو عقل پر یا عقل کو نقل پر مقدم کیا جائے۔ پہلی شق باطل ہے کیونکہ اس شکل میں اصل کو فرع سے باطل کرنا لازم آتا ہے اس کی توضیح یہ ہے کہ نقل کا اثبات سوائے عقل کے اور کسی ذریعہ سے نہیں ہو سکتا صانع کا اثبات اور نبوت کی معرفت اور تمام چیزوں کا علم جن پر نقل کی صحت موقوف ہے عقل ہی کے واسطے سے ہو سکتی ہے، لہٰذا عقل ان تمام امور کے لئے اصل ثابت ہوئی۔ اب اگر نقل کو عقل پر مقدم کر دیا جائے اور صرف اس کے مقتضیٰ کا ثبوت کا فیصلہ کیا جائے تو اصل فرع سے باطل ہو جائے گی نیز اس سے یہ بھی لازم آئے گا کہ فرع بھی باطل ہو جائے کیونکہ اس وقت صحت نقل کا دار و مدار اس عقل کے فیصلہ پر ہوگا جس کا بطلان ممکن ہے۔ پس نقل کی صحت کا علم قطعی نہیں ہو سکتا لہٰذا ماننا پڑے گا کہ نقل کی تصحیح اس کو عقل پر مقدم کر کے خود اس کے عدم صحت کی دلیل ہے اور جب کسی شے کی تصحیح سے اس کا فساد ظاہر ہو تو وہ شے خود بخود اپنی ذات کی مخالف ہو جاتی ہے۔ لہٰذا ... کی تقدیم ضروری ہے اور ... مدعا ہے۔

غور فرمائیے کہ عقل انسانی کا مرتبہ کتنا بلند ہے کہ اگر اس کے معارض قرآن حکیم کی آیت اور احادیث کریمہ آجائے تو بعض ... رعایت کے لئے علماء مفکرین فرماتے ہیں کہ نقل میں تاویل کر دی جائے ... نقل کو اس کے ظاہری معنی پر محمول کر کے عقلی اقتضاء کو باطل نہیں کر دیا جائے گا جس سے معلوم ہوا کہ اسلام اور علماء اسلام کے نزدیک عقل انسانی کا احترام ضروری ہے ورنہ مذہب کی بنیاد تو ہمات ... ہوگی اور وہ کوئی صالح نظام حیات نہ ہو گا۔

کہا جائے گا کہ دور جدید میں علوم و فنون کی ترقی اور ... انکشافات نے عقل انسانی کی وہ عظمت واضح کی ہے کہ اس ... براہان اور دلیل کی ضرورت نہیں۔ اور اس کی نظیر اسلام میں نہیں ... سکتی، میں کہوں گا کہ یہ غلط ہے اور دھوکا ہے۔ کیونکہ عقل انسانی ... اس دور میں ختم کر دیا گیا ہے اور اس کی سخت توہین کی گئی ہے ... بات جو محسوس اور مبصر ہو یعنی حواس سے جس کا ادراک ممکن ہو ... چیزوں کو تسلیم کیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس دور دہریت میں ... وجود کا انکار بڑے شد و مد سے کیا جاتا ہے۔ کیونکہ قوم موسیٰ کی ... اَرِنَا اللّٰہَ جَھْرَۃً کا نعرہ بلند ہو رہا ہے اور یہ مطالبہ ہو رہا ہے کہ ... ہم اپنے حواس سے خدا کے وجود کو جان نہ لیں گے اس وقت تک خدا کو تسلیم ... کر سکتے حیرت کی بات ہے کہ بڑے سے بڑا ملحد اور دہریہ آج تک کوئی ... دلیل خدا کے عدم وجود پر قائم نہ کر سکا لیکن انکار ضرور کیا جاتا ہے ... ہی لوگوں پر ماتم کرتے ہوئے دور جدید کا مشہور مصنف اپنی معرکۃ ... تصنیف دلائل التوحید میں کہتا ہے کہ ہر وہ شخص جس کو عقلی دلائل ... مطمئن نہ کر سکیں اور وہ سوائے محسوسات کے دوسری چیزوں کو ... نہ کرے وہ یتیم العقل ہے اس سے بحث کرنا بے کار ہے کیونکہ وہ ... انسانی کی عظمت نہیں سمجھ پاتا۔

محدث اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ

نعتیہ غزل

آنکھیں بدل گئیں تو نظارہ بدل گیا

سوزش بدل گیا کہ شرارہ بدل گیا
یہ مت کہو کہ آنکھ کا مارا بدل گیا

جب مغفرت نے تھام سفینہ مرا لیا
دریائے معصیت کا بھی دھارا بدل گیا

غش کھا گئے کلیم مگر ہنس پڑے حبیب
آنکھیں بدل گئیں تو نظارا بدل گیا

میں تارک مجاز حقیقت پسند ہوں
اب دل بدل گیا ہے دل آرا بدل گیا

یہ انقلاب گھر میں خدا کے الٰہی خیر
منبر بدل گیا ہے منارا بدل گیا

ڈوبا ہوا کی آس میں ابھرا ترے بغیر
ساحل بدل گیا تو سہارا بدل گیا

اس پیچ و تاب کا نتیجہ ملا انھیں
گیسو کو جس قدر بھی سنوارا بدل گیا

اب ان کی شوخیاں ہیں قناعت بھری ہوئیں
ان چتونوں کا طرز اشارہ بدل گیا

ان سرد مہریوں کا سبب تو بتائیے
کیا گرمیٔ مزاج کا طرز اشارا بدل گیا

وہ اتقا وہ زہد وہ پندار وہ صلاح
جب رند بن گیا ہوں تو سارا بدل گیا

سید نہ خوف حشر نہ دنیا کی شرم ہے
کیسے ہو گئے روح کا چارا بدل گیا

حضرت شکیلؔ بدایونی کا ایک خط

نوٹ۔ تقریباً دو ماہ ہوئے حضرتِ رازؔ الہ آبادی کی معرفت محترم حضرت شکیلؔ بدایونی نے فاران، کراچی کے ایک کفر آمیز مضمون پر توجہ دلانے کی خاطر مکتوب ارسال فرمایا تھا —— جس کے جواب میں غیر معمولی تاخیر ہوئی۔ ۱۳؍ستمبر ۱۹۶۶ء والد ماجد علیہ الرحمہ کا وصال ہوا، اس کے بعد میری زندگی میں ایک ایسا خلا پیدا ہوا جس سے ذہنی اور عملی الجھنیں حد سے زیادہ بڑھ گئیں۔ مجھے افسوس ہے کہ موصوف کی ایک خالص دینی پکار پر میں بعجلت لبیک نہ کہہ سکا۔ اب اس کے کفارہ کی راہ میں نے یہ سوچی ہے کہ 'فاران' کا جواب ایک کتابی شکل میں شائع کر دیا جائے جسے حضرت شکیلؔ کے جد امجد اور شیخ الاسلام حضرت مولانا عبد القادر بدایونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی طرف منسوب کرنے کی سعادت حاصل کی جائے کتاب کی افادیت مضمون سے کہیں زائد ہوگی۔ بشرطیکہ حضرت شکیلؔ نے اپنی رضا مندی کا اظہار کر دیا۔

مشتاق احمد نظامی —— ۹؍ نومبر ۱۹۶۶ء

شکیل بدایونی
۱۳؍اے، راجن روز کاٹیج، باندرہ، بمبئی نمبر ۵۰۔ فون، ۵۲۳۹۵۵

مورخہ ۸ ستمبر ۱۹۶۶ء

مخدوم و محترم جناب مولانا مشتاق احمد نظامی مدظلہٗ —— السّلام علیکم

اگست ۱۹۶۶ء کا 'فاران'، جس کے مدیر مولانا ماہر القادری ہیں، آپ کی خدمت میں روانہ کر رہا ہوں۔ فاران کے اس شمارے میں صفحہ "یہ اُمّت خرافات میں کھو گئی" کے عنوان سے جو کفر آمیز مضمون شائع کیا گیا ہے۔ اس مضمون کو پڑھنے کے بعد میں مولانا ماہر القادری کے نام مولانا اور قادری کے الفاظ نکال کر ان کو صرف "ماہر" کہنے میں مسرت محسوس کرتا ہوں۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یا تو ماہر صاحب تقلید مودودیت میں اپنے عقل و حواس کھو بیٹھے ہیں یا پھر اپنے رسالے کو چلانے کے لئے انھوں نے کچھ اُلٹے پہلو ڈھونڈھ لئے ہیں۔

بدنام اگر ہوں گے تو کیا نام نہ ہوگا

ان کا مضمون جو اہلِ سنت کے عقائد کے قطعاً خلاف ہے اور جس کی تردید اک میں ہی نہیں بلکہ ہر مسلمان بہ آسانی کر سکتا ہے بالخصوص ماہر صاحب کی زندگی کی روشنی میں (حالانکہ ان کی زندگی نے کبھی روشنی نہیں دیکھی) پھر بھی میں یہ رسالہ آپ کی خدمت میں اس لئے بھیج رہا ہوں کہ اس کا جواب مدلل قرآن اور احادیث کی روشنی میں عنایت فرما کر شائع فرمائیں تاکہ امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گمراہی سے محفوظ رہ سکے۔

فقط والسّلام

بنیازمند
شکیلؔ بدایونی

جواب کا عنوان یہ ہو سکتا ہے ؎ ہوا تلب ماہر بھی ظلمت کدہ
سحر کفر کی رات میں کھو گئی

(شکیلؔ بدایونی)

مولانا ابوالوفا صاحب فصیحی غازیپوری

امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ولادت ونسب

حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ ۸۰ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا نام نعمان ہے، والد ماجد کا نام ثابت ہے۔ آپ کے خاندان میں کبھی غلامی نہیں رہی ہے بلکہ آپ کا نسب جیل بعد جیل آزادی سے ممتاز رہا ہے۔ امام نووی شارح صحیح مسلم "تہذیب الاسماء واللغات" میں لکھتے ہیں: "وروی الخطیب باسنادہ الی اسمٰعیل بن حمّاد بن ابی حنیفۃ قال ان جدّی من ابناء فارس الاحرار واللہ ما وقع علینا رِقٌّ قطّ" حضرت امام ابو حنیفہ کے پوتے اسمٰعیل بن حماد سے خطیب نے روایت کی ہے، انھوں نے کہا کہ ہمارے آباء واجداد فارس کے تھے اور سب آزاد تھے کبھی ان میں غلامی کی صفت نہیں تھی۔

معیشت ومعاشرت

امام نے ابتدائے حیات ہی سے تجارت شروع کر دی تھی اور اس تجارت سے محض اپنی یا اپنے کنبے کی شکم پروری مقصد کبھی نہیں تھا بلکہ آپ فقراء اور مساکین کی خدمت کیا کرتے تھے، حاجت مندوں کی حاجت روائی، مہمانوں کی خاطرداری، پڑوسیوں کی نگہداشت، غمزدوں اور مجبوروں کی دیکھ بھال آپ کا ممتاز اور مخصوص کردار تھا، جس کی شہادت انگلی اٹھا اٹھا کر اور زبان کھول کھول کر اپنوں نے نہیں بلکہ بیگانوں نے بھی دی ہے: ایسا تو بہت ہوا ہے کہ خود فاقہ کیا ہے اور اسی حالت میں عبادت وریاضت میں مشغول رہے ہیں لیکن ایسا کبھی نہیں ہوا ہے کہ دوسروں کے فاقہ کا علم ہوا

اور آپ خاموش ہو بیٹھے ہوں۔ "وکان اذا انفق علیٰ عیالہ نفقۃً تصدّق بمثلھا وکان اذا اکتسیٰ ثوباً جدیداً کسا بقدر ثمنہ الشیوخ العلماء وکان اذا وضع بین یدیہ الطعام اخذ منہ ضعف ما یاکل فجعلہ علی الخبز ثم یعطیہ الفقیر" (تہذیب الاسماء واللغات)

جب امام موصوف اپنے اہل وعیال کے اخراجات پورا کرتے تو اسی قدر صدقہ دیا کرتے اور جب کبھی خود کوئی نیا لباس پہنتے تو اسی قیمت کا لباس علماء ومشائخ کو پہنایا کرتے اور جب کبھی کھانا کھاتے تھے تو اس کا دوچند فقراء کو تقسیم کر دیتے تھے۔"

خشیتِ الٰہی اور ادائے حقوق

امام اپنی عبادت وریاضت میں یگانۂ روزگار گزرے ہیں امام کی آنکھوں نے خشیتِ الٰہی کا نور دیکھ کر دیکھنے والا آنکھیں جھکا لیتے تھے۔ عشق کا والہانہ پن، محبت کی بیخودی، اور ذوقِ عبادت کی فراوانی اپنے کمال تک پہونچ چکی تھی۔ آپ کی نظر نظر میں "والیٰ ربّک منتھٰھا" کی تجلیاں تڑپ رہی تھیں۔ ایک طرف یہ عالم تھا کہ دل مشاہدۂ جمالِ الٰہی میں مصروف ہے، یمین ویسار تک کی خبر نہیں ہے اور چشم سر حسنِ فطرت کی جلوہ آرائیوں سے سرمست وسرشار ہوئی جا رہی ہے، وجدان پر محویت طاری ہے پورا ماحول خاموش ہو گیا ہے اور دوسری یہ کیفیت تھی کہ اگر کسی نے فلاں بن فلاں کا مسئلہ پوچھ لیا تو بس نطق وکلام اور حق وعرفان کا ایک سمندر ہے جو امام کے لب ودہن سے پھوٹا پڑ رہا ہے۔ وعن

فاتحِ جمشید[۵۱] اپنا زندہ و پائندہ باد / سچ تو یہ ہے حضرتِ محبوب ملت آگئے

اے ظہور[۵۲] قادری تیرے ہی دم کا ہے ظہور / اس قدر جو آفتابِ اہلِ سنت آگئے

پیرزادہ قادری قاضی چمن[۵۳] کی دھوم ہے / ہر زباں پہ شور ہے شیخ طریقت آگئے

گلشن احمد رضا کا اک چمن بوندی میں ہے / جس کی اک آواز پر علمائے ملت آگئے

حُسن کی اک بولتی تصویر یہ محمود[۵۴] ہیں / شاہزادے حضرت برہانِ ملت آگئے

پیکرِ اخلاص و الفت حضرتِ زاہد[۵۵] ہیں یہ / پاک طینت، نیک صورت نیک سیرت آگئے

کفر کے ظلمکدہ میں تھی ضرورت نور[۵۶] کی / لیکے نورِ مصطفےٰ ارشیدِ ملت آگئے

وہ قمر[۵۷] جس کی چمک پر چاند کو بھی رشک ہے / شاعرِ اسلام مداحِ نبوت آگئے

اک زمانہ جس کے علم و فضل کا مشتاق[۵۸] ہے
آگئے وہ پاسبانِ دین و ملت آگئے

قطعہ

ادیب ملت مولانا سعید اعجاز کامٹوی

ــــ "خون کے آنسو" اور "مجرم کون ہے؟" سے متعلق

اے مخالف تیرے چھپانے سے اب ہوتا ہے کیا؟ / "خون کے آنسو" کو پڑھ کر خون دل روتا ہے

ہر کسی پر کھل گیا یہ راز "مجرم کون ہے؟" / داغہائے جرم کو دامن سے اب دھوتا ہے

---

۵۱ مولانا ارشد قادری ۵۲ مولانا ظہور احمد صاحب ۵۳ مولانا عبدالغفور صاحب چمن قادری ۵۴ مولانا محمود میاں جبلپوری ۵۵ مولانا زاہد القادری ۵۶ مولانا نور محمد شاہ رضوی جبلپوری ۵۷ قمر سلیمانی کانپوری ۵۸ مقطع مولانا ارشد قادری نے کہا مراد مولانا مشتاق احمد صاحب نظامی ہیں۔

انوار نظامی

روحانیت اور سائنس

موجودہ دور میں بلاشبہ سائنس نے اپنے کمالات حیرت انگیز انکشافات سے دماغوں کا رخ اپنی طرف موڑ لیا ہے اور لوگوں کے ذہنوں پر اپنی برتری و عظمت اور کرشمہ نمائی کے علم گاڑ دیئے ہیں۔ تقریباً سائنس کی ایجادوں، دلفریب اختراعوں کے آگے سب کی جبین عقیدت جھکی ہوئی ہے اور ہر طبقہ کے افراد کی اکثریت اس کے نت نئے اور محیر العقول کارناموں سے متاثر ہے۔ سائنس نے پانی کی بھاپ کی زبردست قوت سے انسان کو روشناس کرایا اور نتیجہ میں دیو ہیکل گاڑی ہزاروں مسافروں کو لے کر لوہے کی بچھائی پٹریوں پر دوڑنے لگی اسی کی برکت سے آدمی نے پانی کے کرشمے سے واقفیت حاصل کی ہے اور بجلی پیدا کر کے لمبے تاروں کے ذریعہ اسے قمقموں۔ اور ٹیوبوں میں بھر دیا اور اندھیرے گھر، تاریک شہر اور تیرہ و تار دیہات بھی بقعۂ نور بن گئے۔ انسان کی آواز کو ہزاروں میلوں کی مسافت تک پہنچانے کا راز معلوم کر لیا۔ اسے تہ آب مچھلیوں کی طرح تیرنے کا ڈھنگ سکھایا اور پرندوں کی طرح فضا کے دوش پر اڑا دیا۔ عظیم الجثہ حائل ہونے والے پہاڑوں کو کاٹ کر روئی کے گالوں کی مانند اڑا دیا۔ دریاؤں اور سمندروں کی روانیوں پر اپنی مضبوط گرفت ڈالی اور پانی کے سینہ کو چیر کر اس پر نیا راستہ بنا دیا۔ مجموعی طور پر انسان کو سائنس نے اپنی ایسی برتری بخشی کہ وہ فضائے بسیط کی ہر چیز کو قابو میں کر کے کائنات بالا کے اجرام کو مسخر کرنے کے خواب دیکھ رہا ہے۔

روحانیت کی بالاتری

مگر حقیقت میں یہ مادی ترقی دل کی موت پر منتج ہوتی ہے، دل کو سکون بخش کیفیات سے بے بہرہ ہو کر ہی انسان مادیت میں غلو کرتا ہے اور ان چھوٹے مناظر کو قابو میں کرنے کی طرف اپنی ساری قوتیں اور استعدادیں لیکر لپکتا ہے اگر دل زندہ ہو تو ان مناظر کائنات کو مسخر کرنے کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی اور قدرتی طور پر ہر چیز اس کے تابع فرمان ہو جاتی ہے۔ روحانی قوت اس قدر قاہر و ہمہ گیر ہے کہ انسان سے حاصل کر کے کائناتی اشیاء کو اپنی بلند نظری میں نظر انداز کر کے علوی کائنات پر نگاہ دوڑاتا ہے اور آسمان نشیں ہو کر سدرہ میں اپنا آشیانہ تلاش کرتا ہے۔

